Date Printed: 06/16/2009

JTS Box Number: IFES_79

Tab Number: 54

Document Title: NO DOCUMENT TITLE INFORMATION

Document Date: 1999

Document Country: United Kingdom

Document Language: Persian

IFES ID: CE01972

*55395A7E-0D22-4BA9-8247-142119EDAD90*

# یوروپین

## پارلیمنٹ کے

# انتخابات

### نیا ووٹنگ سسٹم کیسے کام کرتا ہے

## 10 جون
## 1999

یوروپین یونین (ای یو) میں شامل پندرہ ملکوں سے، یوروپین پارلیمنٹ کے لیے ارکان (جنہیں ایم ای پی کہا جاتا ہے) منتخب کرنے کے لیے ہر پانچ سال کے بعد الیکشن کرایا جاتا ہے۔

اگلا الیکشن جمعرات ۱۰ جون ۱۹۹۹ کو ہے۔

یہ لیف لیٹ آپ کو یہ سمجھنے میں مدد دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے کہ ووٹ کیسے دینا ہے۔

HOME OFFICE

# دیگر معلومات

مزید معلومات کے لیے ہمارا ویب سائٹ ملاحظہ کیجیے، پتہ یہ ہے:
www.homeoffice.gov.uk/epelections

آئی ٹی وی ٹیلی ٹیکسٹ کے صفحہ 348 پر بھی معلومات دستیاب ہیں۔

اگر آپ کو یہ معلومات نیچے درج کسی زبان میں درکار ہوں:

- ★ ویلش
- ★ انگلش
- ★ عربی
- ★ چینی
- ★ بنگالی
- ★ ویتنامی
- ★ گجراتی
- ★ گریک
- ★ ہندی
- ★ ترکی
- ★ پنجابی
- ★ صومالی

یا اگر آپ اس کی نقل بریل میں یا آڈیو کیسیٹ میں چاہتے ہوں تو 0800 917 6699 کو فون کیجیے یا درج ذیل کو فری پوسٹ لکھیے:


EP Elections
FREEPOST (BS7627)
Clevedon
North Somerset
BS21 7BR

برائے مہربانی ہمیں بتائیے کہ آپ کون سی زبان (زبانوں) یا کس شکل (شکلوں) میں اس کی نقل چاہیں گے۔

یوروپین پارلیمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اس پتے پر خط لکھیے:

European Parliament UK Office
2 Queen Anne's Gate
London
SW1H 9AA

یا اس نمبر پر فیکس کیجیے: 0171 227 4302



## یوروپین پارلیمنٹ کیا ہے؟

- ★ یوروپی قوانین کو بدلنے اور انہیں منظوری دینے میں یوروپین پارلیمنٹ کا کلیدی کردار ہے۔
- ★ یہ ای یو کے پندرہ ملکوں میں رہنے والے 370 ملین لوگوں کی نمائندگی کرتی ہے۔
- ★ ایم ای پی کی تعداد 626 ہے۔ یونائٹڈ کنگڈم ان میں سے 87 کا انتخاب کرتا ہے۔

## ایم ای پی کیا کرتے ہیں؟


- ★ ای یو کے ملکوں میں رہنے والوں کو کئی قسم کے قوانین متاثر کرتے ہیں۔ ان کے بنانے میں ایم ای پی صاحبان کا عمل دخل اہمیت رکھتا ہے۔ ان میں مندرجہ ذیل پر قوانین شامل ہیں: ماحولیات، تجارت، ٹرانسپورٹ، زراعت، توانائی، صارفین کو تحفظ، مساوی مواقع، تعلیم اور ثقافت۔
- ★ ایم ای پی صاحبان ای یو کے بجٹ کے سلسلے میں بھی کام کرتے ہیں۔ یہ بجٹ یو کے میں بہت سے منصوبوں کی امداد کرتا ہے۔ وہ اس بات پر نظر رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں کہ ٹیکس ادا کرنے والوں کی رقم کیسے خرچ ہوتی ہے۔

## نئے ووٹنگ سسٹم کے بارے میں نئی بات کیا ہے؟


- ★ متناسب رائے دہی کا نظام یوروپین پارلیمنٹ کے 10 جون کو ہونے والے انتخابات میں یو کے میں پہلی مرتبہ استعمال کیا جائے گا۔
- ★ سابقہ یوروپین انتخابی حلقوں کی جگہ بڑے علاقے لیں گے، اور ان میں سے ہر ایک کی نمائندگی متعدد ایم ای پی صاحبان کریں گے۔

## میں اپنا ووٹ کیسے ڈالوں گا/ڈالوں گی؟

- ★ آپ کا ایک ووٹ ہوگا۔ آپ یا تو کسی سیاسی پارٹی کو ووٹ دے سکتے ہیں یا کسی آزاد امیدوار کو۔ اس کے لیے آپ متعلقہ خانے میں (X) کا نشان لگائیں گے۔ نیچے دی گئی مثال سے پتہ چلے گا کہ بیلٹ پیپر (انتخابی پرچی) کیسا ہوتا ہے۔
- ★ ہر سیاسی پارٹی نے آپ کے علاقے سے پر کی جانے والی نشستوں کی تعداد کے مقابلے میں امیدواروں کی فہرست تیار کی ہوگی۔ بیلٹ پیپر پر ہر پارٹی کے نام کے نیچے اس کے امیدواروں کے نام ہوں گے۔ مثال کے طور پر، اگر کوئی پارٹی کسی علاقے میں دو نشستوں پر کامیاب ہوتی ہے، تو ان نشستوں کو اس فہرست میں درج سب سے اوپر کے دو امیدواروں کے ذریعہ پر کیا جائے گا۔



۱۰ جون ۱۹۹۹ کو ہونے والے یوروپین پارلیمنٹ کے انتخابات کے لیے انتخابی علاقے




*شمالی آئرلینڈ میں ایم ای پی منتخب کرنے کے لیے ووٹنگ سسٹم مختلف ہے

## نیا ووٹنگ سسٹم کیسے کام کرے گا؟

★ ہر علاقے میں، ہر پارٹی نشستوں کی تقریباً اتنی تعداد جیتے گی جتنا اس کا ووٹوں میں حصہ ہوگا

★ مثال کے طور پر، فرض کیجیے کہ ایک علاقے میں سات نشستیں دستیاب ہیں تین پارٹیاں اے، بی اور سی، اور ایک آزاد امیدوار جو بلوگز (Jo Bloggs) الیکشن میں کھڑے ہیں، اگر ایک ملین ووٹ ڈالے جائیں اور پارٹی اے کو 380,000 ووٹ، پارٹی بی کو 300,000 ووٹ، پارٹی سی کو180,000 ووٹ اور جو بلوگز کو140,000 ووٹ ملتے ہیں، تو وہ سات نشستیں تناسب کے لحاظ سے یوں تقسیم ہوں گی:

| ڈالے گئے ووٹ | حاصل کردہ نشستیں |
|---|---|
| 380,000 | پارٹی اے ......................3 نشستیں |
| 300,000 | پارٹی بی ......................3 نشستیں |
| 180,000 | پارٹی سی ......................1 نشست |
| 140,000 | جو بلوگز ...................... 1 نشست |

Produced with the support of the European Commission